## سوال

(150) لڑکی کے وارث کا رشتہ دینے سے انکار

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص لڑکی کا رشتہ طلب کرنے کے لئے آیا مگر اس کے وارث نے انکار کردیا کیونکہ وہ اس لڑکی کو شادی سے محروم رکھنا چاہتا ہے تو اس کے بارے میں اسلام کا کیا حکم ہے؟ فتویٰ عنایت فرمائیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ بالا سوال کا شیخ ابن عثیمین کے قلم سے جواب:

ورثا کا فرض ہے کہ وہ لڑکیوں کی جلد شادی کردیں جب ان سے ان کے کفو (ہم مرتبہ لوگ) رشتہ طلب کریں اور لڑکیاں بھی اس پر راضی ہوں۔ کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے:

((اذا خطب إلیکم من ترضون دینه وخلقه فزوجوه إلا تفعلوا تکن فتنة فی الأرض وفساد عریض)) (جامع الترمذي)

''جب تم سے کوئی ایسا شخص رشتہ طلب کرے جس کا دین واخلاق تمہیں پسند ہو تو اسے رشتہ دے دو ورنہ زمین میں فتنہ اور بہت بڑا فساد رونما ہو جائے گا۔''

یہ جائز نہیں کہ عورتوں کو اپنے چچا زاد وغیرہ سے شادی کرنے کی خاطر مجبور کیا جائے اور اس وجہ سے کسی اور جگہ ان کی شادی نہ کی جائے، اور نہ یہ جائز ہے کہ بہت زیادہ مال کے مطالبے یا دیگر ایسی اغراض کی وجہ سے جن کا اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے حکم نہیں دیا انہیں شادی سے روکا جائے۔ امراء وقضاۃ اور حکمرانوں کا یہ فرض ہے کہ وہ ان وارثوں کو منع کریں جنہوں نے اپنی لڑکیوں کو اس طرح کے مقاصد کی خاطر شادی سے روک رکھا ہے اور ان کی ان کے قریبی رشتے داروں سے شادیاں کردیں تاکہ ظلم کا خاتمہ ہو، عدل وانصاف قائم ہو اور نوجوان بچوں اور بچیوں کو حرام امور میں مبتلا ہونے سے روکا جائے ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہم سب کو ہدایت کی اور خواہشات نفس پر حق کو ترجیح دینے کی توفیق عطا فرمائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

# فتاویٰ اسلامیہ

**کتاب النکاح : جلد 3 صفحہ 127**

محدث فتویٰ